۲۱ اسلامی انقلابی شخصیات (تعارف، کارنامے، ملّی خدمات)، انجینیر مختار فاروقی۔ ناشر: قرآن اکیڈیمی، لالہ زار کالونی نمبر۲، جھنگ۔ صفحات: ۳۱۶۔ قیمت: ۳۸۰ روپے۔

زیرنظر کتاب میں مصنف نے ان ۲۱ مجاہد علما، فقہا، عادل حکمرانوں اور جدید تعلیم یافتہ دردمند رہنماؤں کا تعارف اور ان کی جدوجہد کا تذکرہ کیا ہے جنھیں ملتِ اسلامیہ کی تجدید و احیاے دین کی تاریخ میں نمایاں مقام حاصل ہے۔ ان مردانِ کار نے اپنے اپنے عہد میں مسلمانوں کی آزادی، حُرمت کی خاطر لڑنے اور علمی خدمات انجام دینے میں امتیازی حیثیت سے کام کیا۔ غلبۂ اسلام کے لیے ان عادل اور خداترس حکمرانوں نے باطل سے ٹکر لی اور اللہ کے حکم کے مطابق اصولِ جنگ کی پاسبانی کی۔ ان عظیم اہلِ علم اور مجاہد حکمرانوں میں سے چند ایک کے اسماے گرامی یہاں دیے جاتے ہیں: حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ، امام ابوحنیفہؒ، شیخ عبدالقادر جیلانیؒ، سلطان صلاح الدین ایوبیؒ، اورنگ زیب عالم گیرؒ، شاہ ولی اللہؒ، سلطان ٹیپوؒ، مولانا محمود حسنؒ اور علامہ اقبالؒ۔

مصنف نے ان تجدیدی کارناموں کے تذکرے کے ساتھ ساتھ، ان چودہ سو برس میں یہودیوں اور عیسائیوں کی اسلام دشمن سرگرمیوں کا تذکرہ بھی کیا ہے۔ تعلیمی، دعوتی اور اصلاحی کارناموں کے علاوہ بعض علما کی تزکیۂ نفس کے لیے کی گئی کوششوں کا جائزہ بھی لیا گیا ہے۔ اُمید ہے اس کتاب کی اشاعت ثانی میں پروف خوانی میں محنت اور توجہ سے کام لیا جائے گا۔ (ظفر حجازی)

تعارف کتب

◉ **اربعینِ حسینؓ**، عبداللہ دانش۔ ناشر: مرکز الحرمین الاسلامی، ستیانہ روڈ، فیصل آباد۔ فون: ۰۳۱۴-۳۰۱۰۷۷۔ صفحات: ۱۷۲۔ قیمت: درج نہیں۔ [ایسی ۴۰ روایات کا مجموعہ جن کا تعلّق براہِ راست یا بالواسطہ امام حسینؓ سے ہے۔ ان میں فضیلتِ حسینؓ، اہلِ بیت کے اعزاز، شہادتِ حسینؓ اور اس سے متعلّق بعض تفصیلات کو پیش کیا گیا ہے۔ ان روایات میں احادیثِ رسولؐ، آثار، اقوال، حکایات اور تاریخی بیانات کو شامل کر کے ۴۰ کی تعداد پوری کی گئی ہے۔ تمام روایات کے بارے میں حدیث ہونے کا تاثر دیا گیا ہے، جب کہ ایسا نہیں ہے۔ کتاب آرٹ پیپر پر خوب صورت سرورق کے ساتھ پیش کی گئی ہے۔]

◉ **آدم (انسان) اور شیطانِ لعین**، انجینیر محمد امان اللہ سدید۔ ناشر: اسلامک ریسرچ اکیڈمی، کراچی، ملنے کا پتا: اکیڈمی بک سنٹر، ڈی-۳۵، بلاک ۵، فیڈرل بی ایریا، کراچی۔ فون: ۰۲۱-۳۶۸۰۹۲۰۱۔ صفحات: ۱۸۶۔ قیمت: ۱۵۰ روپے۔ [قرآنی آیات کی روشنی میں واقعۂ آدم اور شیطان کے زیرعنوان تخلیق آدمؑ،